پاکستان سول ایوارڈ 2025 خواہشمند متوجہ ہوں

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور 1973 کے شق (2) 259 کے تحت' صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان ہر سال یوم آزادی (14 اگست) کے موقع پر درج ذیل شعبوں میں غیر معمولی اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے پاکستان شہریوں کیلئے سول ایوارڈز کا اعلان کرتے ہیں۔(1) جرات' بہادری (2) تحقیق' طب' سائنس' انجینئرنگ' فلسفہ' تاریخ' ادب فن۔(3) کھیل نرسنگ' (جذبہ انسانی) خدمت خلق' (4) زراعت ماحول۔(5) ایجاد و دیگر شعبہ ہائے قومی مفاد و بہتری۔(6) زائد ٹیکس ادا کنندگان/زائد برآمد کنندگان۔وہ پاکستانی مرد اور خواتین' جو مندرجہ بالا شعبوں میں غیر معمولی اور نمایاں کارکردگی کے حامل ہوں۔اپنی درخواستیں متعلقہ محکمہ کے توسط سے جمع کرائیں۔درخواست کے ساتھ درج ذیل تصدیق شدہ دستاویزات کے ایک (01) سیٹ اصل اور دو (02) فوٹو کاپی منسلک کرنا ضروری ہے۔(1) متعلقہ (فارم) بمعہ تصاویر متعلقہ محکمہ سے دستخط شدہ ہو۔(2) قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپیاں (3) سائٹیشن (Citation) (اردو اور انگریزی زبان میں) 250-300 الفاظ پر مشتمل کاوشوں اور کارکردگی لکھی گئی اور متعلقہ محکمہ سے تصدیق شدہ ہو۔(4) وہ تمام دستاویزات جن سے آپ کی کارکردگی کی عکاسی کرتی ہو۔(5) سائٹیشن (Citation)(اردو اور انگریزی زبان میں) دستاویزی شکل کے علاوہ (سافٹ کاپی USB / Flash Drive) میں بھی فراہم کریں۔(6) سائٹیشن اور کوانٹیفائیڈ پروفارما (Citation And Quantified Proforma) کے علاوہ تمام دستاویزات گریڈ 19 آفیسر سے تصدیق شدہ ہونے چاہیئے۔تمام کاغذات متعلقہ محکمہ کے توسط سے 31 جنوری 2025 تک حکومت بلوچستان' محکمہ ملازمت ہائے و عمومی نظم و نسق کو موصول ہونے چاہیئے۔

انڈر سیکرٹری (کوآرڈینیشن) محکمہ ملازمت ہائے و عمومی نظم و نسق، حکومت بلوچستان

PRQ No 2825/13-01-2025